© rasailojaraid.com



# اپیل

قارئین کرام و ہمدردانِ ملت! "ادارۃ ندوۃ المصنفین" اکابر اور بزرگوں، خاص طور پر مفکر ملت حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن عثمانی مرحوم کی آخری علمی یادگار ہے، جو اپنی قیام کی مدت سے لیکر آج تک انتہائی ناخوشگوار حالات کے باوجود پوری یکسوئی اور خاموشی کے ساتھ ملت کی ٹھوس مثبت اور تعمیری خدمات انجام دیتا چلا آرہا ہے۔ الحمد للہ علی ذالک

لیکن اب ادارہ کے وسیع تر منصوبوں کی تکمیل اور مستقبل کے تحفظ، بقا اور ارتقاء کے پیش نظر اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ ادارہ کے مخلصین، محبین اور بہی خواہ حضرات اولین فرصت میں اس طرف توجہ دیں۔

یہ حقیقت ہے کہ اس کمر توڑ مہنگائی اور دورِ گراں بازاری میں ایسے ادارے بلکہ بعض مقاصد کے قیام کے ہرگز نہیں چلائے جاسکتے۔ اگرچہ حضرت مفتی صاحبؒ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انتہائی جانفشانی، ذاتی محنت اور توجہ سے اس کا انتظام چلاتے رہے اور تحقیق وعلمی معیار ہر قیمت پر باقی رکھا، اب یہ بات محسوس کی جارہی ہے کہ کچھ جو تشنۂ تکمیل اور کچھ اہم مطبوعات جو زیر طبع ہیں ان کے اتمام کے لئے ایک "مستقل فنڈ" قائم کیا جائے، تاکہ بسہولت ادارہ مالی بحران سے بچ کر اپنا علمی، تحقیقی اور تاریخی سفر جاری رکھ سکے۔

نوٹ: جیسا کہ آپ حضرات کے علم میں ہے کہ حضرت مفتی صاحب مرحوم نے ہمیشہ وقت کے اکابر اور بزرگوں کو ساتھ لے کر ادارہ کا نظام چلایا ہے اور ہم بھی یہی چاہتے ہیں کہ ادارہ اسی منہاج اور خطوط پر ہمیشہ چلتا رہے۔

امید ہے کہ ارباب خیر اور بہی خواہان ادارہ اس ذیل میں زیادہ سے زیادہ مالی تعاون پیش کر کے ہماری سرپرستی فرمائیں گے! ــــ چیک، ڈرافٹ منی آرڈر اس پتہ پر ارسال کیا جائے۔

مینیجر ندوۃ المصنفین، اردو بازار، دہلی ۶

© rasailojaraid.com